ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((484

08.10.25

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی جانب سے چو کی سیٹلائیٹ ٹاؤن تھانہ بغدادالجدید میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں اہل علاقہ کی بڑی تعداد کو سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو شہریوں کے مسائل بروقت حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا اور گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے، ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن انصاف آپ کی دہلیز پر کے پیش نظر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے چو کی سیٹلائیٹ ٹاؤن تھانہ بغدادالجدید میں کھلی کچہری لگائی، جس میں اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ڈی پی او کے ہمراہ ایس ڈی پی او سٹی سرکل، ایس ایچ او تھانہ بغدادالجدید و دیگر معزز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ ڈی پی او محمد حسن اقبال نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تھانوں میں کھلی کچہری کا انعقاد ہماری اولین ترجیح ہے تا کہ شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دہلیز پر بروقت دادرسی کی جاسکے۔ ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو مقدم رکھتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔ ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔ عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہم بہت مطمئن ہیں کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خود ہمارے مسائل کے حل کے لئے تشریف لائے اور مسائل کو فوری حل کرنے کے متعلق افسران کو حکم جاری کیئے۔ ڈی پی او بہاولپور کے اس احسن اقدام سے انصاف کا بول بالا ہو رہا ہے۔ آخر میں ڈی پی او محمد حسن اقبال نے شہریوں کی شرکت پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**






بہاول پور: ڈی پی او محمد حسن اقبال چوکی سیٹلائیٹ ٹاؤن میں کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس /شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((485

08.10.25

**بہاول پور(      ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کے احکامات، ٹریفک نظام میں بہتری اور شاہراہوں پر ٹریفک رواں دواں رکھنے کے لئے ٹریفک پولیس اپنا کردار ادا کرے۔ شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی اور حادثات سے بچاؤ پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، شہری موٹر سائیکل چلاتے وقت ہیلمٹ کا استعمال ہر صورت یقینی بنائیں، ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق اور ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب کی طرف سے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد حسن اقبال نے ٹریفک کے تمام سٹاف کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ لاء انفورسمنٹ و ٹریفک کی بلا رکاوٹ روانی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ سڑکوں پر سائن بورڈ اور کیٹ آئیز نصب کرائے جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ حادثات کی روک تھام کے حوالے سے تمام تر دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ٹریفک کی روانی کو بلا رکاوٹ یقینی بنایا جائے۔ کمرشل گاڑیوں میں LPG کے استعمال پر پابندی ہے خلاف ورزی کرنے والوں کو قانون کے مطابق منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔بغیر لائسنس ڈرائیو نگ پر کارروائیاں مزید تیز کی جائیں۔ایڈیشنل آئی جی ٹریفک کے احکامات کے مطابق قائم کئے گئے ڈرائیو نگ سکول و لائسنسنگ سینٹر میں ہر شہری کو ڈرائیو نگ لائسنس سے متعلق تمام سہولیات فراہم کی جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ٹریفک اہلکار اپنے پوائینٹس پر دلچسپی سے اپنے فرائض انجام دیں اور ڈیوٹی کے دوران ہر قسم کی تفریق اور تعصب سے بالا تر قانون کے یکساں نفاذ کو یقینی بنائیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے ضلع بھر میں ٹریفک کے نظام کو مزید بہتر بنانے کیلئے متعدد احکامات جاری کر دیئے